روز مرہ کی

مسنون دعائیں

Masnoon Duain

روزمرہ کی مسنون دُعائیں

ہر کام سے پہلے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ (بخاری)

نیند سے بیدار ہونے کی دعا

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ اَحۡیَانَا بَعۡدَ مَآ اَمَاتَنَا وَ اِلَیۡہِ النُّشُوۡرُ ۝

اللہ تعالیٰ کے لیے ہر قسم کی حمد وستائش ہے جس نے ہمیں موت (نیند) کے بعد زندگی دی اور (قیامت کے دن) اسی کی طرف اٹھنا ہے۔ (بخاری ومسلم)

صبح کی دعا

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَصْبَحْنَا وَبِکَ اَمْسَیْنَا وَبِکَ نَحْیٰی وَبِکَ نَمُوْتُ وَاِلَیْکَ النُّشُوْرُ ۝

اے اللہ! ہم نے تیرے ہی نام سے صبح کی اور شام کی۔ تیرے ہی نام سے ہم زندہ ہیں اور اسی کے ساتھ مرتے ہیں اور (قیامت کے دن) تیری ہی طرف اٹھنا ہے۔ (نسائی)

شام کی دعا

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَمْسَیْنَا وَبِکَ اَصْبَحْنَا وَبِکَ نَحْیٰی وَبِکَ نَمُوْتُ وَاِلَیْکَ النُّشُوْرُ ۝

اے اللہ! ہم نے تیرے ہی نام سے شام کی اور صبح کی۔ تیرے ہی نام سے ہم زندہ ہیں اور مرتے ہیں اور (قیامت کے دن) تیری ہی طرف اٹھنا ہے۔ (نسائی)

بیت الخلا میں داخل ہونے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ ۝

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں تکلیف پہنچانے والے نر و مادہ (دونوں) شیطانوں سے۔ (بخاری، مسلم، ترمذی)

بیت الخلا سے باہر آنے کی دعا

غُفْرَانَکَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَذْھَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ ۝

اے اللہ! میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں (بے حد) شکر ہے جس نے مجھ سے تکلیف دور کی اور مجھے عافیت دی۔ (ابن ماجہ)

وضو سے پہلے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

(ابوداؤد، ابن ماجہ)

وضو کے بعد

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ۝

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک حضرت محمد ﷺ اللہ کے (خاص) بندے اور رسول ہیں۔ اے اللہ! مجھے بہت توبہ کرنے والوں اور خوب پاک ہونے والوں میں شامل کر دے۔ (مسلم، ترمذی)

کھانے سے پہلے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

(بخاری، مسلم)

کھانے کے بعد کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۝

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے ہمیں کھلایا پلایا اور مسلمان بنایا۔ (ترمذی)

کسی دعوت پر جائے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَھُمْ فِیْمَا رَزَقْتَھُمْ وَاغْفِرْ لَھُمْ وَارْحَمْھُمْ ۝

اے اللہ! ان کے رزق میں خوب برکت دے ان کو بخش دے اور ان پر رحم فرما۔ (ابن حبان)

پانی پینے کے بعد کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ سَقَانَا عَذْبًا فُرَاتًا بِرَحْمَتِہٖ وَلَمْ یَجْعَلْہُ مِلْحًا اُجَاجًا بِذُنُوْبِنَا ۝

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے اپنی رحمت سے ہمیں پینے کو میٹھا و شفاف پانی دیا اور ہمارے گناہ کے صلے میں اسے کھارا اور

نمکین نہیں بنایا۔ (ترمذی)

آئینہ دیکھتے وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ حَسَّنْتَ خَلْقِيْ فَحَسِّنْ خُلُقِيْ۔

اے اللہ! تو نے میری صورت اچھی بنائی ہے پس میرے اخلاق کو بھی اچھا بنادے۔ (ابن ماجہ)

کسی سے ملے تو یہ پڑھے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔

تم پر اللہ تعالیٰ کی سلامتی ہو اور اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں۔

(ابوداود، ترمذی)

سلام کا جواب

وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ۝

اور تم پر بھی اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں۔ (ابوداؤد، ترمذی)

گھر میں داخل ہونے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلَجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا ۝

اے اللہ! میں تجھ سے اچھے داخل ہونے پر اور اچھے (طریقے سے) باہر آنے کا سوال کرتا ہوں۔ اللہ (ہی) کے نام سے ہم (گھر میں) داخل ہوئے اور اسی کے نام سے (باہر) آئے اور اللہ تعالیٰ ہی پر جو ہمارا رب ہے ہم نے بھروسا کیا۔ (مسلم، ابوداؤد)

گھر سے باہر نکلنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ وَلَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۝

اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔ میں نے اللہ تعالیٰ پر بھروسا
کیا برائی سے بچنے اور نیکی کرنے کی قوت اللہ ہی کی عطا سے ہے۔

(ابوداود، ترمذی)

سواری پر سوار ہونے کی دعا

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا
لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝

پاک ہے وہ ذات جس نے اس کو ہمارے قابو میں دیا جب کہ ہم

اس کی طاقت نہیں رکھتے ہیں اور بے شک ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ (زخرف: 14-13، ابوداؤد، ترمذی)

سفر سے واپسی کی دعا

آئِبُوْنَ تَآئِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ۝

ہم رجوع کرنے والے، توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے اور اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں۔ (مسلم)

خوشخبری سنتے وقت کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، مَاشَآءَ اللّٰہُ۝

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں، جو اللہ نے چاہا۔ (مسلم)

کسی مسلمان کو خوش ہوتا دیکھیں تو یہ دعا پڑھیں

اَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ ۝

اللہ تعالیٰ (ہمیشہ) تیرے دانتوں کو ہنسائے (یعنی ہمیشہ خوش رکھے)۔(بخاری، مسلم)

مجلس کے برخاست ہونے کی دعا

سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ ۝

اللہ تعالیٰ کی تعریف کے ساتھ اس کی تسبیح بیان کرتا ہوں اے اللہ! تو پاک ہے اور تو ہی تعریف کے لائق ہے، میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں اور تیری طرف رجوع کرتا ہوں۔ (ترمذی، ابوداود، نسائی، ابن ماجہ)

کوئی برا خیال آئے تو یہ دعا پڑھے

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

پناہ مانگتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کی شیطان سے جو کہ مردود ہے۔ (مسلم)

کسی مشکل میں ہو تو یہ دعا پڑھے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا

اللہ تعالیٰ ہمیں کافی ہے (وہ) بہترین کارساز ہے ہم نے اللہ ہی پر بھروسا کیا ہے۔ (بخاری)

اگر کوئی نقصان ہو جائے تو یہ دعا پڑھے

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ

بے شک ہم اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں اور اسی کی طرف رجوع کرنے والے ہیں۔ (بقرہ: 156)

غصہ کے وقت کی دعا

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۝

پناہ مانگتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کی شیطان سے جو کہ مردود ہے۔

(بخاری، مسلم)

بیمار کی عیادت کے وقت کی دعا

لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اَللّٰهُمَّ اشْفِهٖ اَللّٰهُمَّ عَافِهٖ۝

دل شکستہ نہ ہوں اللہ تعالیٰ کی رضا سے یہ (بیماری) گناہوں سے طہارت ہے اے اللہ! اسے شفا اور سکون عطا فرما۔ (بخاری)

بخار میں مبتلا ہو تو یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَّعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ ۝

اللہ بزرگ و برتر کے نام سے، پناہ مانگتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کی جو عظیم ہے ہر پھڑکتی رگ کے شر سے اور آگ کی حرارت سے۔ (ترمذی)

جب کسی مصیبت زدہ کو دیکھے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا ۝

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے مجھے اس (بیماری) سے عافیت دی جس میں تجھے مبتلا کیا اور مجھے اپنی بہت سی مخلوق پر فضیلت دی۔ (ترمذی)

تکلیف سے نجات کی دعا

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ ۝

اللہ تعالیٰ اور اس کی قدرت کے ساتھ اس چیز کے شر سے پناہ چاہتا ہوں جسے میں پاتا ہوں اور (اسی سے) ڈرتا ہوں۔ (مسلم)

نزع کے وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ أَعِنِّيْ عَلٰى غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ ۝

اے اللہ! موت کی سختیوں اور شدتوں پر میری مدد فرما۔ (ترمذی)

کسی کام کا ارادہ ہو تو یہ دعا پڑھے

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

اگر اللہ نے چاہا۔ (الکہف:23)

چھینک آئے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں۔ (بخاری)

چھینک کا جواب

يَرْحَمُكَ اللّٰهُ

اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے۔ (بخاری)

چھینکنے والا جواب میں کہے

يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ ۝

اللہ تعالیٰ آپ کی راہنمائی کرے اور آپ کے معاملات میں اصلاح کرے۔ (بخاری)

کسی کا شکریہ ادا کرنا ہو تو یہ دعا پڑھے

جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا ۝

اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ (ترمذی)

علم میں اضافہ کی دعا

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ۝

اے اللہ تعالیٰ! میرے علم میں اضافہ فرما۔ (طٰہٰ :114)

بارش کے لیے دعا

اَللّٰهُمَّ صَيِّبًا نَّافِعًا ۝

اے اللہ تعالیٰ! اس بارش کو (ہمارے لیے) مفید (رحمت) بنا۔

(بخاری)

الوداع کرنے کی دعا

أَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَأَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ۔

میں تیرے دین، تیری امانت اور تیرے انجام کار کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں۔ (ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ)

سونے کی دعا

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَأَحْيٰ۔

اے اللہ تعالیٰ! میری موت اور زندگی تیرے ہی نام سے ہے۔

(بخاری، مسلم)

امت کی بخشش کی دعا

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّةِ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۝

اے اللہ تعالیٰ! محمد ﷺ کی امت کی مغفرت فرما۔

تہجد کے وقت اُٹھے تو یہ پڑھے

سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ ۝

پاک ہے اللہ تعالیٰ جو رب العالمین ہے۔ پاک ہے اللہ تعالیٰ اور اُسی کی حمد کرتے ہیں۔

بھلائی سے نوازنے والی دعا

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ کوئی مسلمان ایسا نہیں جو اپنے گھر سے سفر یا اور کسی ارادے سے نکلے اور نکلتے وقت یہ دعا پڑھے تو اسے بھلائی سے نہ نوازا جاتا ہو۔

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ اِعْتَصَمْتُ بِاللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ ۝

اللہ پر ایمان لایا اسی کو مضبوط پکڑا، اللہ پر بھروسا کیا۔

دین پر ثابت قدم رہنے کی دعا

حضرت شہر ابن حوشب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے عرض کیا کہ اے ام المومنین! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اکثر دعا کیا ہوتی تھی جب آپ کے گھر ہوتے تھے؟ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اکثر یہ دعا فرمایا کرتے تھے:

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ ۝

اے دلوں کے پھیرنے والے! میرے دل کو دین پر قائم رکھیے۔

فائدہ:۔ جو شخص اس دعا کو مانگتا رہے گا ان شاء اللہ تعالیٰ دین پر ثابت قدم رہے گا جس کی برکت سے خاتمہ ایمان پر ہوگا۔

ابتلا سے بچانے والی دعا

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت بسر بن ارطاۃ قرشی رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی ہے کہ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ دعا پڑھتے ہوئے سنا:

اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ ۝

اے اللہ! ہمارے تمام کاموں کا انجام بہتر فرما اور ہمیں دنیا اور آخرت کی رسوائی سے بچا۔

فضیلت :۔ اور امام طبرانی کی روایت میں راوی نے یہ اضافہ بھی نقل کیا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جس شخص کی یہ دعا ہو وہ آزمائش کے آنے سے پہلے فوت ہو جائے گا۔

سعادت دارین کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُکَ عِلۡمًا نَّافِعًا وَّ عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا وَّرِزۡقًا حَلٰلًا طَیِّبًا وَّاسِعًا ۝

اے اللہ! میں تجھ سے نفع پہنچانے والے علم کا سوال کرتا ہوں اور مقبول عمل اور حلال پاکیزہ، کشادہ رزق کا سوال کرتا ہوں۔

عافیت کی مجرب دعا

اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَدَنِیْ، اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ سَمْعِیْ
اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَصَرِیْ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ
مِنَ الْکُفْرِ وَالْفَقْرِ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ
عَذَابِ الْقَبْرِ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ ۝

اے اللہ! میرے بدن کو عافیت عطا فرما، اے اللہ! میرے کانوں کو عافیت بخش۔ اے اللہ! میری آنکھوں کو عافیت سے نواز۔ اے اللہ! بے شک میں کفر اور فقر سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ اے اللہ! بے شک میں قبر کے عذاب سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے۔

فضیلت:۔ صبح کے وقت تین مرتبہ پڑھ لیجئے۔ اللہ کی ذات سے امید ہے کہ مذکورہ دعا جو پڑھے گا، اللہ اسے ہر شے سے عافیت میں رکھے گا۔ حدیث کی دعا کا ترجمہ بہت غور سے پڑھیے۔

حفاظت ایمان کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى دِيْنِيْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِيْ وَوَلَدِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ ۝

اللہ تعالیٰ کے نام کی برکت سے میرے دین و جان و اولاد، اہل و مال کی حفاظت ہو۔

شہادت کی اور مدینہ میں موت مانگنے کی دعا

صدقِ دل اور سچے عشق سے یہ دعا کیا کرے:

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ شَهَادَةً فِيْ سَبِيْلِكَ وَاجْعَلْ مَوْتِيْ فِيْ بَلَدِ رَسُوْلِكَ ۝

اے اللہ! مجھے اپنے راستہ میں شہادت نصیب فرما اور مجھے اپنے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر (مدینہ) میں موت دے۔

ایمان پر خاتمہ کی دعا

ایمان کی دولت اللہ تعالیٰ کی بلاشبہ سب سے بڑی نعمت ہے، اس کی حفاظت ہر مسلمان پر فرض ہے، اس کے لیے بنیادی امر تو اللہ تعالیٰ کے حکموں کو پورا کرنا اور گناہوں سے بچنا ہے فرض عبادات کی پابندی خصوصاً پنج وقتہ نماز کی باجماعت ادائیگی کا اہتمام لازمی امر ہے۔

رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا ۝

میں اللہ کے رب ہونے، اسلام کے دین ہونے اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نبی ہونے پر راضی ہوں۔

حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص صبح و شام یہ دعا تین مرتبہ پڑھ لے تو اس دن یا رات میں اس کو موت آجائے تو اس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا اور اللہ اس بندے کو راضی کر دے گا۔ (ترمذی)

موت سے پہلے جنت میں اپنا مقام دیکھنے کی انمول دُعا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جس نے ہر روز ایک بار کہا۔ جب تک اپنا مقام جنت میں نہ دیکھے یا نہ دکھایا جائے اس وقت تک نہ مرے گا۔

سُبْحَانَ الْقَآئِمِ الدَّآئِمِ، سُبْحَانَ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ سُبْحَانَ الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِهٖ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالرُّوْحِ سُبْحَانَ الْعَلِيِّ الْاَعْلٰی سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰی ۝

میں پاکی بیان کرتا ہوں اس ذات کی جو قائم ہے ہمیشہ رہنے والی ہے، میں پاکی بیان کرتا ہوں اس ذات کی جو زندہ ہے، ہر چیز کو قائم رکھنے والی ہے۔ میں پاکی بیان کرتا ہوں اس ذات کی جسے موت نہیں آسکتی میں پاکی بیان کرتا ہوں اللہ کی جو عظیم ہے اس کی ستائش کے ساتھ وہ ہر عیب سے پاک ہے قدوس ہے (اور) تمام فرشتوں اور روح الامین کا رب ہے۔ میں پاکی بیان کرتا ہوں اس ذات کی جو ارفع و اعلیٰ ہے۔

بزبان رسالت ہدایت وعافیت طلب کرنے کی ایک قیمتی دعا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا فرماتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْھُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی ۝

اے اللہ! میں تجھ سے ہدایت اور پرہیزگاری اور سوال خلق سے بے نیازی اور تونگری مانگتا ہوں۔

ایمان کے بعد سب سے بڑی نعمت، عافیت

حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے کہا: یارسول اللہ! مجھے ایسی چیز بتایئے جس کو میں اللہ سے مانگوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ سے عافیت مانگیے۔

پھر کچھ دن میں نے توقف کیا اور آپ کے پاس آیا اور کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے ایسی چیز بتا دیجئے جس کو میں اللہ سے مانگوں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عباس! اے رسول اللہ کے چچا! اللہ سے دنیا اور آخرت میں عافیت مانگئے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ سے عفو اور عافیت مانگو۔ کیوں کہ یقین (یعنی ایمان) کے بعد عافیت سے بہتر چیز کسی کو نہیں دی گئی۔

فائدہ:۔ یہ دعا عربی زبان میں اس طرح کہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ الۡعَفۡوَ وَ الۡعَافِیَۃَ فِی الدِّیۡنِ وَالدُّنۡیَا وَ الۡاٰخِرَۃِ ۝

اے اللہ! میں تجھ سے گناہوں کی معافی اور دین اور دنیا اور آخرت میں سلامتی مانگتا ہوں۔

مدد طلب کرنے کا مجرب عمل

ا۔ اگر سفر میں سواری کا جانور چھوٹ کر بھاگ جائے تو بلند آواز سے پڑھے۔

اَعِیْنُوْا یَا عِبَادَ اللّٰہِ رَحِمَکُمُ اللّٰہُ ۞

مدد کرو اے اللہ تعالیٰ کے بندو! اللہ تم پر رحم فرمائے۔

۲۔ اگر کسی مددگار کو بلانا ہو تو بلند آواز سے کہے

یَا عِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ

یَا عِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ

یَا عِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ

اے اللہ کے بندو! میری مدد کرو (تین مرتبہ کہے)

دشمن کے شر سے بچنے کے لیے

سورہ لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ پڑھا کرے

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۚ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۙ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۧ

اس لیے کہ اللہ نے قریش کے دلوں میں الفت پیدا کر دی۔ الفت تجارتی سفر کی جاڑے اور گرمی (کے موسم) میں۔ پس چاہیے کہ وہ عبادت کیا کریں اس خانہ (کعبہ) کے رب کی جس نے انہیں رزق دے کر فاقہ سے نجات بخشی۔ اور امن عطا فرمایا انہیں (فتنوں) خوف سے۔

حضرت ابو الحسن قزوینی فرماتے ہیں کہ سورہ لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ہر نقصان و مضرت سے امان دینے والی ہے۔ آزمودہ عمل ہے۔

قرض سے نجات کی دعا

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ
وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔

اے اللہ! تو مجھے اپنا حلال رزق دے کر حرام سے بچالے اور اپنے فضل وکرم سے اپنے ماسوا سے بے نیاز کردے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ۔

اے اللہ! میں تیری ہی پناہ لیتا ہوں ہر فکر وغم سے اور تیری ہی پناہ لیتا ہوں عاجزی اور کاہلی سے اور تیری ہی پناہ لیتا ہوں بزدلی اور بخل سے اور تیری ہی پناہ لیتا ہوں قرض کے غلبہ اور لوگوں کے زور وظلم سے۔

فضیلت: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص یہ دعا پڑھتا رہتا ہے اگر ریت کے ذروں کے برابر اس پر قرض ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو ادا فرما دیتا ہے۔